## سوال

(574)امام کے سمع اللہ کہنے سے پہلے سمع اللہ کہنا جائز ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب امام ’سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہُ‘کہے ، تو ’رَبَّنَا لَکَ الحَمد‘ کہو، جو لوگ اس کا یہ مطلب بیان کرتے ہیں کہ ’سَمِعَ اللّٰ ہ...‘ کے بعد ’رَبَّنَا لَکَ الحَمد... کہو‘‘ ان کے نزدیک امام کے ’سَمِعَ اللّٰہُ...‘کہنے سے پہلے ’سَمِعَ اللّٰہ... ‘کہنا جائز ہے ۔ یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جولوگ مأموم (مقتدی) کے سمع ا کہنے کے قائل ہیں ان کے نزدیک ’’سَمِعَ اللّٰہ‘‘ امام کی اتباع میں کہنا چاہیے نہ کہ پہلے ۔ کیونکہ امامت کا مفہوم یہی ہے، کہ مأموم کسی صورت امام سے سبقت نہ کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 504

محدث فتویٰ